رحمت ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح

مورخہ 3 نومبر بروز منگل رحمت ویلفیئر فاؤنڈیشن جہلم کے زیر اہتمام 11 ویں واٹر فلٹریشن پلانٹ جامعہ علوم اُثریہ جہلم کا افتتاح ہوا، چوہدری لال حسین ایم پی اے، میاں نعیم بشیر کے ڈی سی، چوہدری محمد صابر صدر اور طارق مغل چیئر مین نے مل کر افتتاح کیا، افتتاحی دعا رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے فرمائی، اس موقع پر نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی و جامعہ کے اساتذہ کے علاوہ راجہ انار گل ایڈووکیٹ، صدیق احمد یوسفی، ارشد محمود زرگر، مرزا راشد ندیم کے علاوہ عہدیداران و ممبران نے بھی بھرپور شرکت کی۔

وفیات

قاری غلام رسول (صدر مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم اُثریہ) کو صدمہ

مورخہ 3 نومبر بروز منگل قاری غلام رسول صدر مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم اُثریہ کے ہم زلف حاجی عبدالعزیز طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں کٹن شنگوش آزاد کشمیر میں ادا کی گئی۔

قاری عبدالحمید کو صدمہ

مورخہ 14 نومبر بروز ہفتہ قاری عبدالحمید مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم اُثریہ کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صالحہ خاتون تھیں۔

آصف شفیق، ساجد محمود و راشد محمود کو صدمہ

مورخہ 16 نومبر بروز سوموار آصف شفیق، ساجد محمود و راشد محمود کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ڈاکٹر ظفر محمود (جادہ) کو صدمہ

مورخہ 29 نومبر بروز اتوار ڈاکٹر ظفر محمود (کمپیوٹر والے) کے والد محترم مرزا بشیر احمد طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ و تلاوت قرآن کے پابند اور انتہائی نیک

اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ماسٹر محمد افضل ومحمد امین (بوڑھیاں دینہ) کو صدمہ

مورخہ 29 نومبر بروز اتوار ماسٹر محمد افضل ومحمد امین کے والد محترم طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور دین سے محبت رکھنے والے انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے بوڑھیاں میں پڑھائی۔جہلم سے قاری عبدالرشید، حافظ عبدالغفور مدنی اور صدیق احمد یوسفی نے ان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

حاجی محمد حنیف ڈار اور محمد سہیل ڈار کو صدمہ

مورخہ 7 دسمبر بروز سوموار حاجی محمد حنیف ڈار کی بھتیجی محترمہ اور محمد سہیل ڈار کی چچازاد بہن مختصر علالت کے بعد شمالی محلہ میں وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

غلام حسین بھٹی ومحمد سلیم بھٹی کو صدمہ

مورخہ 13 دسمبر بروز اتوار غلام حسین بھٹی کی زوجہ محترمہ اور محمد سلیم بھٹی بانی جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور کی بھابھی محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پنڈی سید پور میں پڑھائی۔

مرزا اشرف بیگ، ماسٹر مرزا جابر بیگ، عبدالقدوس سلفی وعبدالوہاب سلفی (خورد) کو صدمہ

مورخہ 24 دسمبر بروز جمعرات ماسٹر جابر بیگ ومرزا اشرف بیگ کی والدہ محترمہ اور عبدالقدوس سلفی وعبدالوہاب سلفی کی دادی محترمہ مختصر علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحومہ نیک اور صابرہ خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ خورد میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)